© rasailojaraid.com

کے بعد ہوئی علاقہ کے علماء کرام پر بہت اثر تھا۔ جذبہ حق کا یہ عالم کہ مولانا شمس الدین شہید کی وفات کے موقعہ پر ڈھائی سو میل سنگلاخ پہاڑوں میں ٹانچی پر بیٹھ کر سفر کر کے تعزیت کی اور فرمایا کہ گاڑی سے باندھ کر کھینچ بھی لو تب بھی شہید کی تعزیت کے لئے جاؤں گا۔

**ایک صالحہ خاتون** | علامہ خالد محمود حال انگلینڈ اور جناب احسان قریشی صابری سیالکوٹ کی والدہ ماجدہ کا انتقال بعمر ۷۲ سال سیالکوٹ میں ہوا، مرحومہ ایک زاہدہ، عابدہ اور مخیر خاتون تھیں۔ مرحومہ کے شوہر پیر محمد عمر قریشی قادری لاہور میں شیخ وقت مولانا احمد علی لاہوری کے جوار میں مدفون ہیں۔ حق تعالیٰ مرحومہ کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔

**مولانا عبدالرحمان کامل پوری کے برادر اکبر** | اپنے وقت کے شیخ اور علامۂ یگانہ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان کامل پوری مظاہری کے برادر اکبر جناب حاجی محمد زمان مرحوم کا انتقال بروز اتوار ۲۴ نومبر ۷۴ء اپنے گاؤں بہبودی ضلع کیمبل پور میں ہوا۔ علماء اور نیک مسلمانوں نے جنازہ میں شرکت کی۔

**مدیر معارف اعظم گڑھ** | روزنامہ الجمعیتہ دہلی کی اطلاع ہے۔ برصغیر کے ممتاز اور قدیم علمی ماہنامہ معارف اعظم گڑھ کے مدیر شہیر مولانا معین الدین ندوی کا انتقال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

---


ہفت روزہ

**المنبر**

**لائلپور**

رئیس التحریر مولانا عبدالرحیم اشرف

زر سالانہ ۲۵ روپے

ششماہی ۱۳ روپے

فی پرچہ ۶۰ پیسے

امتیازی خصوصیات

★ امت محمدیہ کو پھر سے ایک اکائی بنانے کی جدوجہد۔

★ اتحاد عالم اسلامی اور اسلامی دولت مشترکہ کے قیام کا نقیب۔

★ خلافت راشدہ کی نہج پر نظام مملکت کے قیام کا علمبردار۔

★ مسلمان کو قرآن وسنت کا تابع فرمان بنانے کا عزم صمیم لئے ہوئے۔

★ ہر اس قوت کے خلاف تیغ بے نیام جو اسلام اور امت مسلمہ سے برسرپیکار ہو، بالخصوص قادیانیت، مغربی الحاد اور سوشلسٹ تہذیب و نظریات پر ضرب گراں۔

★ حزب اقتدار و اختلاف کا یکساں محاسب و ناقد۔

المنبر کا مطالعہ آپ کے صحیح فکر کو جلا بخشے گا اور قلب و ذہن میں انوار قرآن وسنت کی شمع جلائے گا۔

**ہفت روزہ المنبر جناح کالونی، لائلپور**


© rasailojaraid.com